2025-08-30

Hrs 08.30

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ضمیر رضوی

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیر اعظم نریندر مودی نے ٹوکیو میں جاپان کے اپنے ہم منصب Shigeru Ishiba کے ساتھ سربراہ سطح کی بات چیت کی۔ دونوں رہنماؤں نے بھارت-جاپان خصوصی، اہم اور عالمی شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے سے اتفاق کیا۔

2- جاپان، بھارت میں اگلے 10 سال میں 10 ٹریلین Yen کی سرمایہ کاری کرے گا۔ دونوں ملک، سلامتی سے متعلق تعاون پر بھی مشترکہ اعلامیہ اختیار کریں گے۔

3- بھارت کی GDP میں، مالی سال 26-2025 کی پہلی سہ ماہی میں 7 اعشاریہ 8 فیصد کی ترقی درج کی گئی ہے، جو پچھلی پانچ سہ ماہی کی مدّت میں سب سے زیادہ ہے۔

4- بارش سے متاثرہ اتراکھنڈ اور تلنگانہ میں، راحت اور بچاؤ کارروائی جاری ہے۔ IMD نے آج ہماچل پردیش، اتراکھنڈ، پنجاب اور ساحلی کرناٹک میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

5- بھارت نے، احمد آباد میں 2030 کے کومن ویلتھ گیمز کی میزبانی کی دعوے داری داخل کی ہے۔

6- اور بھارت نے 17 سال تک کی خواتین کی چیمپئن شپ کے SAFF خطاب کو یقینی بنا لیا ہے۔ اُس نے نیپال کو 5-صفر سے شکست دی۔

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Japan

وزیر اعظم نریندر مودی اور جاپان کے اُن کے ہم منصب Shigeru Ishiba نے 10 سال پر مبنی ایک جامع خاکے کا آغاز کیا، جس کا مقصد دونوں ملکوں کے درمیان حکمتِ عملی اور اقتصادی اور تکنیکی تعاون میں گہرائی پیدا کرنا ہے۔ دونوں رہنماؤں نے کل ٹوکیو میں سربراہ بات چیت کے بعد یہ اعلان کیا۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم مودی نے کہا کہ بھارت-جاپان 15 ویں سالانہ سربراہ کانفرنس کے دوران وزیر اعظم Ishiba اور انہوں نے دونوں ملکوں کے درمیان دوطرفہ تعلقات کا مکمل جائزہ لیا اور بھارت-جاپان خصوصی اہم اور عالمی شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے سے اتفاق کیا۔

بات چیت کے بعد ایک مشترکہ پریس میٹنگ میں جناب مودی نے کہا کہ دونوں ملکوں نے اگلے 10 سال میں بھارت میں جاپان کی طرف سے 10 ٹریلین Yen کی سرمایہ کاری کا نشانہ مقرر کیا ہے۔

وزیر اعظم نے دونوں ملکوں کے درمیان انسانی وسیلے کے تبادلے اور تعاون سے متعلق ایکشن پلان کا بھی اعلان کیا، جس میں اگلے 5 سال میں بھارت اور جاپان کے درمیان مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے 5 لاکھ سے زیادہ لوگوں کی، ایک دوسرے کے ملک میں آمدورفت ہوگی۔ انہوں نے ایک آزاد، کھلے، پُر امن، خوشحال اور اصولوں پر مبنی بھارت-بحرالکاہل خطّے کے تئیں بھارت اور جاپان کے عزم کو دوہرایا۔ انہوں نے اعلان کیا کہ دونوں ملکوں نے دفاعی صنعت اور اختراع میں باہمی تعاون کو مزید مستحکم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

جناب مودی نے بھارت کی خلائی تحقیق کی تنظیم ISRO اور جاپان کی ایرو اسپیس Exploration ایجنسی JAXA کے درمیان چندریان 5 مشن کے لیے ایک معاہدے کا بھی خیر مقدم کیا۔ یہ معاہدہ چاند کی قطبی دریافت LUPEX کے پروگرام کے تحت کیا گیا ہے۔

اس موقع پر جاپان کے وزیر اعظم نے بھارت کے یکسر تبدیلی لانے والی عالمی اثرات کی ستائش کی اور جاپان کی معیشت میں بھارت کے مزید ہُنرمند لوگوں کو شامل کرنے کے لیے کہا۔

بعد میں، وزیر اعظم مودی کے جاپان کی دورے کے بارے میں نامہ نگاروں کو جانکاری دیتے ہوئے خارجہ سکریٹری وِکرم مسری نے بتایا کہ دونوں رہنماؤں نے اگلی دہائی سے متعلق ایک مشترکہ خاکہ بھی ایک دوسرے کے سپرد کیا۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ملکوں نے سلامتی سے متعلق تعاون پر ایک مشترکہ اعلامیے کو اختیار کرنے سے اتفاق کیا ہے، جس سے ایک آزاد، کھلے، پُر امن اور اقتصادی طور پر متحرک بھارت-بحرالکاہل خطّے کے ایک ایسے مشترکہ ویژن کی یقین دہانی ہوتی ہے، جو قانون کی بالا دستی پر مبنی ہو۔

وزیر اعظم مودی جاپان کے دو روزہ دورے پر کل ٹوکیو پہنچے تھے۔ اُن کے جاپان کے دورے کی خبریں دینے والے ہمارے نامہ نگار نے اُن کے دوسرے دن کی مصروفیات کے بارے میں بتایا۔

بھارت-جاپان 15 ویں سالانہ سربراہ کانفرنس کے دوسرے دن وزیر اعظم مودی نے ٹوکیو میں گورنروں کی قومی ایسوسی ایشنوں کے ارکان سے بات چیت کی۔ اس کے بعد جناب مودی اور اُن کے ہم منصب Shigeru Ishiba، شِنکاسین بُلٹ ٹرین سے Sendai کے لیے روانہ ہو گئے۔
یہاں دونوں رہنما ٹوکیو الیکٹرون فیکٹری کا دورہ کریں گے، جو سیمی کنڈکٹر تیار کرنے والی ایک بڑی فیکٹری ہے۔ جاپان چاہتا ہے کہ وہ درآمدات پر اپنے انحصار میں کمی لائے اور اپنی سیمی کنڈکٹر سپلائی چین شروع کرے۔کل جو دوطرفہ بات چیت ہوئی اُس میں بھارت اور جاپان نے سیمی کنڈکٹرس اور دیگر اہم شعبوں میں سپلائی چین کو فروغ دینے کے یقینی اقتصادی اقدام کا آغاز کیا۔

فیکٹری کے دورے کے بعد وزیر اعظم مودی SCO سربراہ کانفرنس میں شرکت کے لیے چین جائیں گے۔

ٹوکیو سے اوم اوستھی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ..........مجیب اختر

SCO Summit

شنگھائی تعاون تنظیم SCO کی سربراہانِ مملکت کی کونسل کی 25 ویں میٹنگ کل چین کے شہر Tianjin میں شروع ہوگی۔

وزیر اعظم نریندر مودی اِس دو روزہ سربراہ کانفرنس میں شرکت کریں گے، جس میں اعلیٰ سطح کے مذاکرات کے لیے بہت سے عالمی رہنماء بھی شرکت کریں گے۔ امید ہے کہ 2025 کی اِس سربراہ کانفرنس کا، عالمی حکمرانی سے متعلق نئے اصولوں کی تشکیل میں ایک اہم رول ہو۔ کانفرنس میں، رکن ممالک علاقائی سلامتی، کنیکٹی وِٹی، پائیدار ترقی اور سا لمیت میں اضافے جیسے اہم معاملات پر توجہ مرکوز کریں گے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

چین، SCO سربراہ کانفرنس کی میزبانی پانچویں بار کر رہا ہے۔ چین کے صدر Xi Jinping کانفرنس کی صدارت کریں گے۔ امید ہے کہ کانفرنس میں 20 عالمی رہنما اور بین الاقوامی تنظیموں کے 10 سربراہان شرکت کریں گے، جن میں وزیر اعظم نریندر مودی اور روس کے صدر ولادیمیر پتن ممتاز شخصیتیں ہیں۔ SCO کی یہ سربراہ میٹنگ ابھی تک کی سب سے بڑی اور سب سے زیادہ آرزومندانہ میٹنگ ہے۔ کانفرنس کا موضوع ہے، شنگھائی جذبے کو برقرار رکھنا: SCO اپنی راہ پر گامزن۔ چین نے 2025 کو پائیدار ترقی کا SCO سال قرار دیا ہے۔

اِس کانفرنس میں پچھلے 25 سال کی حصولیابیوں کا جائزہ لیا جائے گا، 10 سال کی ترقی سے متعلق حکمتِ عملی تیار کی جائے گی اور علاقائی سلامتی، اقتصادی ترقی، کنیکٹی وِٹی، دہشت گردی اور ثقافتی تعاون پر بات چیت کی جائے گی۔

Tianjin سے رِتیش کپور کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ..........

Putin SCO

روس کے صدر ولایمیر پتن نے شنگھائی تعاون تنظیم کی سربراہ کانفرنس میں شرکت کے لیے چین کے اپنے دورے سے پہلے، مغرب کی طرف سے عائد پابندیوں کو ماننے سے انکار کر دیا ہے۔

چین کی خبر ایجنسی کو ایک انٹرویو دیتے ہوئے صدر پتن نے کہا کہ روس اور چین، عالمی تجارت میں، تفریق پر مبنی اِن پابندیوں کی مشترکہ طور پر مخالفت کرتے ہیں۔ صدر پتن 4 روزہ دورے پر بدھ تک چین کے دورے پر رہیں گے۔

روس کے صدر پہلے Tianjin شہر میں SCO میں شرکت کریں گے۔ اس کے بعد وہ چین کے صدر Xi Jinping کے ساتھ بات چیت کے لیے بیجنگ جائیں گے اور دوسری جنگِ عظیم کے خاتمے کی یاد میں ایک فوجی پریڈ کا نظارہ کریں گے۔×

India GDP

بھارت کی حقیقی مجموعی گھریلو پیداوار GDP کی شرح نمو مالی سال 26-2025 کی، اپریل سے جون تک کی سہ ماہی میں 7 اعشاریہ 8 فیصد رہی، جو پچھلی 5 سہ ماہی کی مدّت میں سب سے اونچی شرح ہے۔

پچھلے مالی سال کی چوتھی سہ ماہی میں GDP میں 7 اعشاریہ 4 فیصد تک ترقی ہوئی تھی، جبکہ پچھلے مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں یہ جوں کی توں ساڑھے پانچ فیصد رہی تھی۔

اعداد و شمار اور پروگرام پر عمل درآمد وزارت کی جانب سے جاری رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی کے لیے GDP کے، تخمینوں کے مطابق، معمول کی GDP میں، اِسی مدّت کے دوران 8 اعشاریہ 8 فیصد کی شرح ترقی رہی۔

Hydrabad Metro

تلنگانہ میں قدرتی آفات سے نمٹنے کی ریاستی اتھارٹی کی جانب سے شدید بارش سے متاثرہ کاماریڈی، نظام آباد اور میدک ضلعوں میں بچاؤ کارروائیاں جاری ہیں۔

اس دوران کئی کالونیاں اور گاؤں اب بھی سیلابی پانی کی زد میں ہیں۔

قومی شاہراہ 44 پر جہاں سداشیو نگر اور بھکنور کے درمیان مختلف مقامات پر شاہراہ کو نقصان پہنچا تھا، ٹریفک کی بحالی کے اقدامات جاری ہیں۔ محکمہ موسمیات نے ان ضلعوں میں آج بھی بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ اس سے پہلے بارش سے کچھ حد تک راحت ملی تھی۔

اس دوران حکومت نے ایک ہزار کلومیٹر کی لمبائی میں قریب 800 ٹوٹی ہوئی سڑکوں کی پہچان کی ہے۔

سرکاری بیان میں کہا گیا ہے کہ 31 مقامات پر سڑکیں بہہ گئی ہیں جبکہ 10 جگہوں پر عارضی بحالی کا کام مکمل کرلیا گیا ہے۔

350 سے زیادہ جگہوں پر نالوں پر بنی سڑکوں کو نقصان پہنچنے کی وجہ سے 29 مقامات پر ٹریفک کو موڑ دیا گیا ہے۔ کاماریڈی اور میدک ضلعوں میں اسکول اور تعلیمی ادارے کَل لگاتار دوسرے دن بھی بند رہے۔x

Uttrakhnad Weather

اتراکھنڈ ریاست میں، بارش اور مٹی کے تودے گرنے سے متاثرہ ضلعوں میں معمول کی صورت حال بحال کرنے کی کوششیں زور و شور سے جاری ہیں۔ سب سے زیادہ متاثرہ علاقوں، اترکاشی، رودرپریاگ، باگیشور اور ٹہری میں بڑے پیمانے پر راحت اور بچاؤ کارروائیاں جاری ہیں جہاں صورت حال کو مستحکم کرنے کے لیے حکام دن رات کام کر رہے ہیں۔

رودرپریاگ، چمولی اور بھاگیشور اضلاع میں کل ہوئی شدید بارش کے سبب 5 افراد کی جانیں تلف ہوئی ہیں اور 11 لاپتہ ہیں۔

اس دوران محکمہٴ موسمیات نے آج ریاست کے کئی حصوں میں شدید بارش کی تازہ وارننگ جاری کی ہے۔ احتیاط کے طور پر اتراکھنڈ کے سبھی ضلعوں کو ہائی الرٹ پر رکھا گیا ہے۔x

IMD Weather

بھارتی محکمہ موسمیات نے ساحلی کرناٹک، ہماچل پردیش، پنجاب اور اتراکھنڈ کے مختلف مقامات پر آج شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

محکمہ موسمیات نے شمال مشرق، بہار، راجستھان، گجرات، دلی، مدھیہ پردیش، مہاراشٹر اور جنوبی بھارت کے حصوں میں بھی آج موسلا دھار بارش کا امکان ظاہر کیا ہے۔ اس کے علاوہ انڈمان و نکوبار جزائر، بہار، جموں و کشمیر، لداخ، گلگت، بلتستان، مظفر آباد، جھارکھنڈ، اوڈیشہ، تلنگانہ، مغربی بنگال اور سکّم میں بھی آج شدید بارش کے امکان کا اظہار کیا ہے۔x

PM Modi Putin Meeting

روس کے صدر ولادیمیر پوتن اس سال دسمبر میں بھارت کا دورہ کریں گے۔

کریملن کے خارجہ پالیسی کے معاونYuri Ushakov نے ایک بیان میں کہا یہ کہ صدر پوتن اور وزیراعظم نریندر مودی، شنگھائی تعاون تنظیم، SCO اجلاس کے تناظر میں پیر کے روز چین کے Tianjin شہر میں ملاقات کریں گے۔ اس دوران دونوں رہنما صدر پوتن کے بھارت دورے سے متعلق تیاریوں پر تبادلہٴ خیال کریں گے۔x

Israel Yemetrikes

اسرائیل نے، یمن کی راجدھانی صنعاء میں ایران کے حمایت یافتہ مسلح گروپ حوثی کے خلاف ایک بڑا فضائی حملہ کیا ہے۔ اس حملے میں حوثی کی فوجی اور سیاسی قیادت کو زبردست نقصان پہنچا ہے۔ مقامی میڈیا کی خبروں کے مطابق ایک اپارٹمنٹ پر کیے گئے اس حملے میں حوثی کے وزیراعظم   احمد الرحاوی اور ان کے کئی ساتھی ہلاک ہوئے ہیں۔ حملے میں گروپ کے وزیر دفاع سمیت فوج کے اعلی عہدیداروں کو نشانہ بنایا گیا تھا۔x

Rev. CWG Official Bid

بھارت نے، 2030 کے دولتِ مشترکہ کھیل مقابلوں کی میزبانی کے لیے باقاعدہ طور پر تجویز پیش کی ہے، جو ملک میں دو دہائیوں کے بعد مختلف قسم کے کھیل مقابلے دوبارہ شروع کرانے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ یہ باقاعدہ دعوے داری   دولتِ مشترکہ کھیلوں کی فیڈریشن کے صدر ڈاکٹر رونالڈ Rukare کو ایک وفد نے کل لندن میں پیش کی۔ اس وفد میں بھارت کی دولتِ مشترکہ کھیل مقابلوں کی ایسوسی ایشن اور گجرات سرکار کے نمائندے بھی شامل تھے۔

اس دعوے داری میں، احمد آباد کو کھیلوں کی صدی کے ایڈیشن کے لیے میزبان کے طور پر پیش کیا گیا ہے، جب   دولتِ مشترکہ کھیلوں کے 100 سال پورے ہو رہے ہیں۔

گجرات کے کھیلوں کے وزیر ہرش سانگھوی نے   دعوے داری پیش کرنے کے بعد نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ 2030 کے دولتِ مشترکہ کھیل مقابلوں کی میزبانی کی دعوے داری سے، ایسے کھیل مقابلوں کا انعقاد کرانے کے بھارت کے عزم کا اظہار ہوتا ہے، جو مسلسل ہوں اور  جس میں سب کی شمولیت ہو۔

بھارت کی اولمپک ایسوسی ایشن کی صدر پی ٹی اوشا نے اس قدم کا خیر مقدم کیا ہے۔
انہوں نے کہا کہ اس   دعوے داری سے پورے ملک کی امنگوں کی نمائندگی ہوتی ہے۔×

Amit Shah Mumbai

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ، گنیش اُتسَو تقریبات میں شرکت کے لیے دو روزہ دورے پر کل شام ممبئی پہنچ گئے ہیں۔ جناب شاہ آج ممبئی کے مشہور گنیش منڈلوں میں سے ایک، لال باگ چا راجہ، کے درشن کریں گے۔ اس دوران وہ ممبئی کے باندرا اور اندھیری علاقوں کے دیگر گنیش منڈلوں کا بھی دورہ کریں گے۔

اپنے دورے میں جناب شاہ کا مہاراشٹر کے وزیر اعلیٰ دویندر فڑنویس سے ملاقات کا بھی پروگرام ہے، جہاں وہ موجودہ سیاسی صورتحال، مراٹھا مظاہروں اور آنے والے مہاراشٹر مقامی بلدیاتی انتخابات کے لیے BJP کی تیاریوں پر تبادلہئ خیال  کر سکتے ہیں۔ امکان ہے کہ جناب شاہ، نائب وزرائے اعلیٰ ایکناتھ شندے اور اجیت پوار سے بھی ملاقات کریں گے۔×

Football Saff U17

بھارت نے 17 سال سے کم عمر کی خواتین کی Saff 2025 چیمپین شپ کا خطاب یقینی بنا لیا ہے۔

تھمپو کے چانگلی مِتھانگ اسٹیڈیم میں کَل کھیلے گئے میچ میں بھارت نے نیپال کو صفر کے مقابلے پانچ گول سے    ہرا دیا۔

اس کامیابی کے ساتھ ہی بھارتی ٹیم پانچ میچوں میں  15 پوائنٹس کے ساتھ پوائنٹس ٹیبل میں سرفہرست بن گئی ہے۔

چیمپین شپ کے فائنل میں اب بھارت کا مقابلہ کَل بنگلہ دیش سے ہوگا۔x

US - Visa

امریکہ نے کہا ہے کہ وہ فلسطین اتھارٹی کے صدر محمود عباس کو، اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس میں شرکت کے لیے اگلے ماہ نیویارک جانے کی اجازت نہیں دے گا، جہاں امریکہ کے بہت سے اتحادی، فلسطین کو ایک مملکت کے طور پر تسلیم کریں گے۔

امریکہ کے محکمہئ خارجہ نے ایک بیان میں کہا کہ وزیر خارجہ Marco Rubio، فلسطین اتھارٹی اور فلسطین لبریشن آرگانائزیشن PLO کے ارکان کو ویزا دینے سے انکار کر رہے ہیں اور اِن کے ویزا منسوخ کر رہے ہیں۔

بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ بات امریکہ کے قومی سکیورٹی کے مفاد میں ہے کہ PLO اور PA کو اُن کے وعدوں پر عمل نہ کرنے پر اُنہیں ذمہ دار ٹھہرایا جائے۔×

UNSC Peackekeeping Operations

اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے لبنان میں قیام امن کارروائی ختم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس کارروائی میں بھارت کے تقریباً ایک ہزار فوجی تعینات ہیں۔

کونسل نے کل لبنان میں اقوام متحدہ کی عارضی فوجی کارروائی UNIFIL کو 2 سال کی مدّت میں بند کرنے کے لیے ووٹ دیا۔ یہ فوج جنوبی لبنان میں قیامِ امن کی کوشش میں مصروف ہے، جہاں اسرائیل، حزب اللہ کے ساتھ لڑائی جاری رکھے ہوئے ہے اور لبنان کی کمزور فوج بیچ میں پھنسی ہوئی ہے۔

UNIFIL کا 47 سال سے لاگو ضابطہ، جو اس ہفتے کے آخر میں ختم ہو رہا ہے، اسے 2026 کے اواخر کے لیے آخری بار توسیع دی گئی تھی، تاکہ یہ کارروائی محفوظ اور منظم طریقے سے ختم کی جا سکے۔

UNIFIL میں، فی الحال 10 ہزار 800 قیامِ امن فوجی ہیں، جن میں 903 فوجی بھارت کے بھی ہیں۔ ×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

PRESS COMMENTS,

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... مجیب اختر

شکریہ - ضمیر

راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے سبھی اخباروں نے وزیراعظم نریندر مودی کی بھارت-جاپان اکنامک فورم چوٹی کانفرنس میں شرکت کی خبر کو جلی سرخی کے ساتھ شائع کیا ہے۔ اس موقع پر جناب مودی نے کہا کہ بھارت کی ترقی کے سفر میں جاپان ایک اہم شراکت دار ہے۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے سال 2022-23کے لیے اسکوپ ایمننس ایوارڈ تفویض کیے۔ اس خبر کو روزنامہ راشٹریہ سہارا اور پرتاپ نے خصوصی طور پر شائع کیا ہے۔

روزنامہ ملاپ اور راشٹریہ سہارا نے ریزرو بینک آف انڈیا کے سابق گورنر اُرجت پٹیل کو بین الاقوامی مالیاتی فنڈ آئی ایم ایف میں ایگزیکیوٹیو ڈائریکٹر مقرر کیے جانے سے متعلق خبر کو پہلے صفحے پر جگہ دی ہے۔ خبروں کے مطابق جناب پٹیل تین سال کی مدت تک اس عہدے پر فائز رہیں گے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس سمیت دیگر اخباروں نے اتراکھنڈ میں کئی مقامات پر بادل پھٹنے سے متعلق خبر پر توجہ مرکوز کی ہے، جس میں بڑے پیمانے پر تباہی ہوئی ہے اور متعدد افراد ہلاک ہوئے ہیں۔

جبکہ روزنامہ انقلاب نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس سے پہلے امریکہ کی طرف سے فلسطینیوں کے ویزے منسوخ کیے جانے کی خبر کو اجاگر کیا ہے۔ اس کارروائی کے زمرے میں فلسطینی اتھارٹی اور فلسطینی لبریشن آرگنائیزیشن کے عہدیدار شامل ہیں۔x

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی نے ٹوکیو میں جاپان کے اپنے ہم منصب Shigeru Ishiba کے ساتھ سربراہ سطح کی بات چیت کی۔ دونوں رہنماؤں نے بھارت-جاپان خصوصی، اہم اور عالمی شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے سے اتفاق کیا۔

2- جاپان، بھارت میں اگلے 10 سال میں 10 ٹریلین Yen کی سرمایہ کاری کرے گا۔ دونوں ملک، سلامتی سے متعلق تعاون پر بھی مشترکہ اعلامیہ اختیار کریں گے۔

3- بھارت کی GDP میں، مالی سال 26-2025 کی پہلی سہ ماہی میں 7 اعشاریہ 8 فیصد کی ترقی درج کی گئی ہے، جو پچھلی پانچ سہ ماہی کی مدّت میں سب سے زیادہ ہے۔

4- بارش سے متاثرہ اتراکھنڈ اور تلنگانہ میں، راحت اور بچاؤ کارروائی جاری ہے۔ IMD نے آج ہماچل پردیش، اتراکھنڈ، پنجاب اور ساحلی کرناٹک میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

5- بھارت نے، احمد آباد میں 2030 کے کومن ویلتھ گیمز کی میزبانی کی دعوے داری داخل کی ہے۔

6- اور بھارت نے 17 سال تک کی خواتین کی چیمپئن شپ کے SAFF خطاب کو یقینی بنا لیا ہے۔ اُس نے نیپال کو 5-صفر سے شکست دی۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

--------------------------------------